256

UD–01

June/December – Examination, 2020

B.A. (Part I) Examination

URDU

(Ghair Afsanvi Nasr)

Paper : UD–01

Time : 2 Hours] [*Maximum Marks : 70*

ہدایت: اس پرچے کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ حصہ ''الف'' اور ''ب'' ہر حصے کے سامنے نمبر تحریر کئے گئے ہیں۔

(حصہ-الف) 7×2=14

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زیادہ سے زیادہ 30 الفاظ میں تحریر کیجئے۔ ہر سوال کے لئے 2 نمبر مقرر کئے گئے ہیں۔

1 (i) انشائیہ کو انگریزی میں کیا کہتے ہیں؟

(ii) خط کی کتنی اقسام ہوتی ہیں؟

(iii) خواجہ حسن نظامی کے ایک انشائیہ کا نام لکھئے۔

(iv) پطرس بخاری کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

(v) اردو کے دو اہم خاکہ نگاروں کے نام لکھئے۔

(vi) ''غبار خاطر'' کس کے خطوط کا مجموعہ ہے؟

(vii) اخبار کس زبان کا لفظ ہے؟ تحریر کیجئے۔

(حصہ-ب) 4×14=56

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زیادہ سے زیادہ 200 الفاظ میں تحریر کیجئے۔ دیئے گئے 8 سوالات میں سے کل 4 سوالات حل کرنے ہیں۔

2 مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے ایک کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے۔

(i)

اول رسالے کے بعض لوگوں سے بعض لوگوں کو معلوم ہوا کہ خان صاحب مرحوم فوج میں بڑی آن بان سے رہے اور سچائی اور فرض شناسی میں مشہور ہوئے۔ یہ ڈرل انسٹرکٹر تھے۔ یعنی گوروں کو جو نئے بھرتی ہو کر

آتے تھے، ڈرل سکھاتے تھے۔ اس لئے اکثر گورے افسروں سے واقف تھے۔ وہ بڑے شہ سوار تھے۔ گھوڑوں کو خوب پہچانتے تھے۔

(ii)

انسان اپنی زندگی کے اندر مختلف زندگیاں بسر کرتا ہے۔ مجھے بھی اپنی زندگی کی دو قسمیں کر دینی پڑیں۔ ایک قید خانے سے باہر کی، ایک اندر کی۔ دونوں زندگیوں کے مرقعوں کے الگ الگ رنگ و روغن سے نقش آرائی ہوتی ہے۔ آپ شاید ایک کو دیکھ کر دوسری کو پہچان نہ سکے۔

قید سے باہر کی زندگی میں اپنی طبیعت کی افتاد بدل نہیں سکتا، خود رفتگی اور خود مشغولی مزاج پر چھائی رہتی ہے۔

3 رشید احمد صدیقی کی خاکہ نگاری کی خصوصیات بیان کیجئے۔

4 خاکہ اور سوانح عمری کے فرق کو واضح کیجئے۔

5 پطرس بخاری کی انشائیہ نگاری پر مختصر نوٹ لکھئے۔

6 مولانا ابوالکلام آزاد کی نثر نگاری کی خوبیاں تحریر کیجئے۔

7 غالب کے طرز تحریر کی خصوصیات بیان کیجئے۔

8 صحافت کے مقاصد بیان کیجئے۔

9 مضمون نگاری میں اسلوب بیان کی اہمیت واضح کیجئے۔